© rasailojaraid.com



# خبرنامہ

ادارہ

## لائبریری ادارہ علوم القرآن میں دو گراں قدر اضافے

### (۱) دائرہ معارف اسلامیہ کا مکمل سٹ ـــــ ہمدرد فاؤنڈیشن کراچی کا ہدیہ

ہمدرد فاؤنڈیشن (پاکستان) دنیائے طب و حکمت کی عظمت کا نشانِ امتیاز ہی نہیں بلکہ علم و دانش کا ایک بے مثال مرکز بھی ہے جس کی صورت گری جناب حکیم محمد سعید صاحب کے خونِ جگر کی مرہون منت ہے۔ اس ادارہ کی ابتدا، اس کا ارتقا اور اب شہر علم و دانش "بیت الحکمت" کی شکل میں اس عظیم الشان منصوبے کے تکمیلی مراحل تک عزم و ہمت، خلوص و بصیرت اور جہد مسلسل کی ایک بڑی سبق آموز، دلآویز اور قابلِ رشک داستان ہے جو آب زر سے لکھے جانے کے قابل ہے۔ اتنا کچھ حاصل کر لینے کے بعد بھی وہ اس طرح سرگرم کار ہیں جیسے سفر ابھی شروع ہوا ہو۔ اس شاہ کار کے تخیل اور تعمیر کے علاوہ ان کی علمی اور ادبی سرگرمیوں اور علم دوستی و علم نوازی کا حلقہ بہت وسیع ہے اور پاکستان اور بیرون پاکستان کتنے ہی ادارے اس سے مستفید و بہرہ ور ہوتے رہتے ہیں۔

ادارہ علوم القرآن اپنی ابتدا تاسیس ہی سے حکیم صاحب اور ان کے رفیق کار جناب حکیم نعیم الدین زبیری صاحب کی عنایت سے فراخ دلانہ علمی تعاون پاتا رہا ہے۔ ہندوستان میں پاکستان سے کتابوں کا حصول ایک دشوار مسئلہ رہا ہے اور اگر وسائل کی کمیابی بھی دامن گیر ہو تو صورت حال مزید سنگین ہو جاتی ہے اس سلسلہ میں) ادارہ کو ہمدرد فاؤنڈیشن

© rasailojaraid.com